کلیسیائی اصول وضوابط

1. اصول وضوابط کا آغاز خود ضابطگی سے ہوتا ہے ۔

رومیوں 15 باب 14 آیت: اور اَے میرے بھائیو! مَیں خود بھی تمہاری نسبت یقین رکھتا ہوں کہ تم آپ نیکی سے معمور اور تمام معرفت سے بھرے ہو اور ایک دوسرے کو نصیحت بھی کرسکتے ہو۔

کلسیوں 3 باب 16 آیت: مسیح کے کلام کو اپنے دِلوں میں کثرت سے بسنے دو اور کمال دانائی سے آپس میں تعلیم اور نصیحت کرو اور اپنے دِلوں میں فضل کے ساتھ خُدا کیلئے مزامیر اور گیت اور روحانی غزلیں گاؤ۔

2. گمراہ ہونے والے کو حلیمی کے ساتھ بحال کریں۔

گلتیوں 6 باب 1 آیت: اَے بھائیو! اگر کوئی آدمی کسی قصور میں پکڑا بھی جائے تو تم جو رُوحانی ہو اُس کو حلم مزاجی سے بحال کرو اور اپنا بھی خیال رکھ۔ کہیں تُو بھی آزمایش میں نہ پڑے۔

3. گنہگار کو بچانے کی کوشش کریں۔

یعقوب 5 باب 19 تا 20 آیات: اَے بھائیو! اگر تم میں سے کوئی راہِ حق سے گمراہ ہو جائے اور کوئی اُس کو پھیر لائے۔ تو وہ یہ جان لے کہ جو کوئی کسی گنہگار کو اُس کی گمراہی سے پھیر لائے گا وہ ایک جان کو موت سے بچائے گا بہت سے گناہوں پر پردہ ڈالے گا۔

4. جو توبہ کرے اُسے معاف کریں اور اُسکے ساتھ محبت کریں۔

2 کرنتھیوں 2 باب 7 تا 8 آیات: پس برعکس اِس کے یہی بہتر ہے کہ اُسکا قصور معاف کرو اور تسلی دو تاکہ وہ غم کی کثرت سے تباہ نہ ہو۔ اس لیے مَیں تم سے التماس کرتا ہوں کہ اُسکے بارے میں محبت کا فتویٰ دو۔

5. جو اپنے گناہوں پر پشیمان ہو کر توبہ نہ کرے اُس سے رفاقت نہ رکھیں۔

1 کرنتھیوں 5 باب 11 آیت: لیکن مَیں نے تم کو درحقیقت یہ لکھا تھا کہ اگر کوئی بھائی کہلا کر حرامکار یا لالچی یا بُت پرست یا گالی دینے والا یا شرابی یا ظالم ہو تو اُس سے صحبت نہ رکھو بلکہ اَیسے کے ساتھ کھانا تک نہ کھانا۔

6. یسوع ہمیں کلیسیائی نظم وضبط کا طریقہ کار بتاتا ہے۔

متی 18 باب 15 تا 18 آیات: اگر تیرا بھائی تیرا گناہ کرے تو جا اور خلوت میں بات چیت کرکے اُسے سمجھا۔ اگر وہ تیری سنے تو تُو نے اپنے بھائی کو پا لیا۔ اور اگر نہ سنے تو ایک دو آدمیوں کو اپنے ساتھ لے جا تاکہ ہر ایک بات دو تین گواہوں کی زُبان سے ثابت ہو جائے۔ اگر وہ اُن کی سننے سے انکار کرے تو کلیسیا سے کہہ اور اگر کلیسیا کی سننے سے بھی انکار کرے تو تُو اُسے غیر قوم والے اور محصول لینے والے کے برابر جان۔ مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کچھ تم زمین پر باندھوگے وہ آسمان پر بندھے گا اور جو کچھ تم زمین پر کھولوگے وہ آسمان پر کھلے گا۔

7. یسوع نے اپنی بادشاہی کی کنجیاں کلیسیا کو دی ہیں۔

متی 16 باب 19 آیات: مَیں آسمان کی کنجیاں تجھے دوں گا اور جو کچھ تُو زمین پر باندھے گا وہ آسمان پر بندھے گا اور کچھ تُو زمین پر کھولے گا وہ آسمان پر کھلے گا۔

8. پُرانے خمیر کو نکال پھینکیں۔

1 کرنتھیوں 5 باب 1 تا 13 آیات: اِس سارے حوالے کا مطالعہ کیجئے۔

Copyright©2020 reserved

9. کئی بار لا تعلقی بھی ضروری ہوتی ہے۔

2 تھسلنیکیوں 3 باب 14 آیت: اور اگر کوئی ہمارے اِس خط کی بات کو نہ مانے تو اُسے نگاہ میں رکھو اور اُس سے صحبت نہ رکھو تا کہ وہ شرمندہ ہو۔

10. یسوع حکم دیتا ہے کہ اُسکی کلیسیا کا نظم و نسق وفاداری سے سنبھالا جائے۔

مکاشفہ 2 باب 2 آیت: مَیں تیرے کام اور تیری مشقت اور تیرا صبر تو جانتا ہوں اور یہ بھی کہ تُو بدوں کو دیکھ نہیں سکتا اور جو اپنے آپ کو رسُول کہتے ہیں اور ہیں نہیں تُو نے اُن کو آزما کر جھوٹا پایا۔

11. یسوع نصیحت پذیر نہ ہونے والی کلیسیا کو تنبیہ کرتا ہے۔

مکاشفہ 2 باب 14 تا 16 آیات: لیکن مجھے چند باتوں کی تجھ سے شکایت ہے اِس لیے کہ تیرے ہاں بعض لوگ بلعام کی تعلیم ماننے والے ہیں جس نے بلق کو بنی اسرائیل کے سامنے ٹھوکر کھلانے والی چیز رکھنے کی تعلیم دی یعنی یہ کہ وہ بتوں کی قربانیاں کھائیں اور حرامکاری کریں۔ چنانچہ تیرے ہاں بھی بعض لوگ اِسی طرح نیکُلیوں کی تعلیم کے ماننے والے ہیں۔ پس توبہ کر۔ نہیں تو مَیں تیرے پاس جلد آکر اپنے مُنہ کی تلوار سے اُنکے ساتھ لڑوں گا۔